نام کتاب . . . فضائل قرآنی بر صحف آسمانی

مصنفہ . . . حاجی رحیم بخش صاحب مرحوم

ناشر . . . الرحیم لمیٹڈ، فرسٹ فلور، اسٹیٹ لائف بلڈنگ ۳،

ڈاکٹر ضیار الدین احمد روڈ۔ کراچی

ضخامت . . . ۲۴۸ صفحات

ہدیہ . . . پانچ روپے

کتاب کا موضوع اس کے نام سے ظاہر ہے ——— یہ ایک واضح حقیقت ہے کہ قرآنِ مجید کے علاوہ دیگر صحائف آسمانی میں سے کوئی صحیفہ بھی آج اپنی اصلی صورت میں موجود نہیں ہے۔ اور یہ بات بڑے سے بڑا متعصب بھی تسلیم کرتا ہے کہ قرآنِ کریم ہی ایک ایسی کتاب ہے جو ہر قسم کی تحریفات سے پاک اور مبرّا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عہدِ مبارک سے لے کر آ . . . تک کوئی ساعت اور کوئی لمحہ ایسا نہیں گذرا کہ جس میں ہزاروں اور لاکھوں حفاظِ قرآن موجود نہ رہے ہوں۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے بارے میں "وانا لہ لحافظون" فرما کر اس کی حفاظت کا ذمہ خود لیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ زمانۂ نزول کے وقت سے آج تک اس میں زیر اور زبر حتیٰ کہ شوشہ اور نقطہ تک کا فرق نہیں آسکا اور نہ ہی تا قیامت ایسا ہوسکتا ہے ——— !

چودہ سو سال تک کی طویل مدت میں ہر ملک اور ہر نسل میں اس کتاب الٰہی کا محفوظ رہنا بجائے خود ایک اتنی بڑی فضیلت ہے کہ اس کی مثال روئے عالم میں کہیں نہیں مل سکتی۔ چہ جائیکہ مصنف مرحوم نے دوسرے آسمانی صحائف سے، جس صورت میں یہ آج موجود ہیں، قرآنی ہدایات کا تقابلی مطالعہ کرکے یہ بات روزِ روشن کی طرح واضح کردی ہے کہ قرآنِ مجید کو ان صحفِ سابقہ پر اپنے مشمولات و مضامین کے اعتبار سے بھی ایک گونہ فضیلت حاصل ہے۔

یہ کتاب مصنف کے سالہا سال کے طویل، عمیق اور وسیع مطالعہ کا نتیجہ ہے۔ کتاب کی ترتیب یوں ہے کہ صفحہ کے دو کالموں میں سے ایک کالم میں توریت اور انجیل کے احکام تحریر کئے گئے ہیں جبکہ دوسرے کالم میں قرآن مجید کی آیات مع تشریح درج ہیں اور اس طرح ان کا باہم موازنہ کرکے قرآنِ مجید کی ان پر فضیلت ثابت کی گئی ہے۔ اپنی گرانقدر معلومات کی بنا پر کتاب اس قابل ہے کہ اہلِ نظر حضرات غور و خوض سے اس کا مطالعہ کریں اور بیش از بیش فائدہ اٹھائیں۔

کتابت و طباعت نہایت عمدہ، سفید کاغذ، جلد پیپر بیک ——— موجودہ گرانی کے دور میں پانچ روپے میں یہ کتاب بہت سستی ہے۔ (ساجد)